آگ سے تحفظ کے مفید مشورے

CO کے الارم

کاربن مونو آکسائیڈ جو کہ ایک بے بو اور بے رنگ گیس ہے اور اسے اکثر خاموش قاتل بھی کہا جاتا ہے، جب کوئی بھی ایندھن (مثلاً پٹرول، لکڑی، کوئلہ، قدرتی گیس، پروپین، تیل اور میتھین) نامکمل طور پر جلتے ہیں، تو اس کی وجہ سے یہ گیس پیدا ہو جاتی ہے۔ کاربن مونو آکسائیڈ لوگوں اور پالتو جانوروں کو مار سکتی ہے۔

CO الارمز کو نصب، برقرار اور تبدیل کرتے وقت ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں۔

اگر آپ کے CO الارم میں بیٹری پڑتی ہو، تو بیٹری کو ہر سال کم از کم ایک بار لازمی تبدیل کریں یا جب آپ کو کمزور بیٹری کی چرپ چرپ کی آوازیں سنائی دیں، تو تب بھی تبدیل کر دیں۔

یہ یقینی بنا کر اپنے گھر کو محفوظ رکھیں کہ آپ کے ڈرائر، فرنس، چولہے اور چمنی کے ہوا کے راستوں میں برف یا دیگر کوئی بھی ملبہ وغیرہ موجود نہیں ہونا چاہیے۔ گاڑیوں کو اسٹارٹ کرنے کے فوراً بعد گیراج سے باہر نکال لیں۔ اپنے گھر کو گرم کرنے کے لیے کبھی بھی اوون یا چولہا استعمال نہ کریں۔

اگر آپ کا CO الارم بجتا ہے، تو اپنی کھڑکیاں بند رکھیں، فوری طور پر اپنے گھر سے باہر نکل جائیں اور کسی محفوظ مقام سے 9-1-1 پر کال کریں۔

رہائشی جگہوں کو CO الارم کی ضرورت ہوتی ہے، اگر ان کے پاس:

- ایک فائر پلیس/انگیٹھی موجود ہو
- گیس جلانے والا آلہ (واٹر ہیٹر، فرنس یا گیس کا چولہا وغیرہ) موجود ہو
- ایک منسلک گیراج موجود ہو

ہر منزل پر کام کرنے والے کاربن مونو آکسائیڈ الارمز نصب ہونے چاہئیں۔

جس منزل میں بھی سونے کی جگہ موجود ہو، وہاں پر ان جگہوں کے پاس کاربن مونو آکسائیڈ الارمز ضرور لگائیں۔

CO الارم ایک آواز پیدا کرے گا جسے چرپ کہا جاتا ہے، جس کا مطلب ہوتا ہے کہ اب بیٹری کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ آواز الارم کے بجنے جیسی نہیں ہوتی۔

فعال ہونے پر دھوئیں کا الارم 3 بار بجے گا۔ فعال ہونے پر CO کا الارم 4 بار بجے گا۔

سوالات ہیں؟ ہم سے رابطہ کریں:

Mississauga فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز
فائر پریوینشن ڈویژن
905.896.5908
mississauga.ca/fire
fire.prevention@mississauga.ca

Mississauga Fire & Emergency Services